تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 25, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی تیراندازی ٹیم نے دہلی کی صوبائی سطح پر منعقدہ پیتالیسویں تیراندازی چمپئن شپ مقابلہ دو ہزار چوبیس اور پچیس میں رننگ ٹرافی حاصل کی اور 'اسٹیٹ چمپئن' کا تاج پہنا

جامعہ ملیہ کو یہ اعلان کرتے ہوئے کافی فخر محسوس ہو رہا ہے کہ اس کی تیراندازی ٹیم نے دہلی ریاست کے تیراندازی مقابلہ برائے سال دو ہزار چوبیس اور پچیس میں رننگ ٹرافی حاصل کر کے 'اسٹیٹ چمپئن' کا تاج پہنا ہے۔ دہلی تیراندازی ایسوسی ایشن نے اس موقر چمپئن شپ کا انعقاد نو فروری سے تئیس فروری دو ہزار پچیس کے درمیان کیا تھا۔

جامعہ کی تیراندازی کی ٹیم نے جونیئر زمرے میں طلائی تمغہ اور سینئر زمرے میں نقرئی تمغہ کے ساتھ دیگر متعدد دیگر کھلاڑیوں کی حصولیابیوں کے ساتھ غیر معمولی کامیابی حاصل کی ہے۔ جامعہ کی تیراندازی ٹیم نے کل بارہ تمغے حاصل کیے ہیں۔

نمبر ایک۔ ابھشیک کمار، بی ٹی ایم سمسٹر اول شعبہ سیر و سیاحت، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے تین طلائی اور تین چاندی کے میڈل جیتے ہیں۔

نمبر دو۔ زبیر خان، بی۔اے (آنرز) سوشل ورک اول سمسٹر، شعبہ سوشل ورک، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ایک طلائی اور دو چاندی کے تمغے جیتے ہیں۔

نمبر تین۔ امن گپتا، طالب علم، بی۔اے (آنرز) سمسٹر اول، شعبہ سوشل ورک، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ایک طلائی، ایک چاندی اور ایک کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کھلاڑیوں کو مبارک باد دی اور اس شان دار کامیابی کے لیے ان کی محنت اور ان کے لگن کی ستائش کی۔ انھوں نے کھلاڑیوں کو یقین بھی دلایا کہ آرچیری رینج کی ضرورتوں کے ساتھ ساتھ ضروری ساز و سامان بھی مہیا کرائے جائیں گے۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ کی تیراندازی ٹیم کے اپنے تعاون کا اظہار کیا اور آنے والے ٹورنامنٹس کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

پروفیسر نفیس احمد، اعزازی، ڈائریکٹر (گیمز اینڈ اسپورٹس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بھی یونیورسٹی کے لیے یہ اعزاز حاصل

کرنے پر کھلاڑیوں کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر محمد عابد، اعزازی ڈپٹی ڈائریکٹر (گیمز اینڈ اسپورٹس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ تیر اندازی کلب کے صدر ڈاکٹر ارونیس کمار سنگھ کے ساتھ طلبہ کو مبارک باد دی اور آئندہ کھیل کود کے مقابلوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں دفتر کھیل کود نے اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ اس کی تیر اندازی ٹیم اپنی لگن اور محنت اور سنجیدہ کاوشوں سے مستقبل میں بھی جامعہ کا نام روشن رکھے گی۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی